## انیس احمد قائم خانی اور دیگر اراکین رابطہ کمیٹی کا ملا کھڑا اسٹیڈیم بھٹ شاہ کا دورہ، جلسہ گاہ کی تیاریوں کا جائزہ لیا

## بھٹ شاہ میں ایم کیو ایم کی جلسہ عام کے سلسلے میں عوام و کارکنان میں زبردست جوش وخروش پایا جارہا ہے

## قومی شاہراہ سمیت اندرون سندھ شہروں ایم کیو ایم کی عوامی رابطہ مہم جاری، عوام کی بھرپور شرکت

## جلسہ گاہ اور اطراف کے علاقوں میں ایم کیو ایم کے پرچموں کی بہار

بھٹ شاہ۔۔۔22/دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ہفتہ 25/دسمبر ملا کھڑا اسٹیڈیم بھٹ شاہ میں ہونیوالے عظیم الشان جلسہ عام سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کے سلسلے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی سلیم تاجک، توصیف خانزادہ اور شاکر علی نے حق پرست صوبائی وزراء زبیر احمد، خالد بن ولایت کے ہمراہ بدھ کی شب ملا کھڑا اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی سلسلے میں جاری تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جلسہ گاہ میں اسٹیج کی جگہ کا تعین کیا اور بانسوں کی تنصیب کے کاموں کا معائنہ کیا۔ وہ کچھ دیر وہاں رہے اور انہوں نے جلسہ گاہ میں لائٹنگ کے انتظام کیلئے موقع پر موجود ذمہ داران کو ہدایت جاری کیں۔ 25 دسمبر کو ملا کھڑا اسٹیڈیم بھٹ شاہ میں ایم کیو ایم کے جلسہ عام اور قائد تحریک الطاف حسین کے خطاب کے سلسلے میں بھٹ شاہ سمیت قرب وجوار کے شہروں خصوصاً اندرون کے شہروں، گاؤں، دیہاتوں کے عوام میں زبردست جوش وخرش پایا جارہا ہے جبکہ اس سلسلے میں اندرون سندھ قائم ایم کیو ایم کے تمام مختلف زونز دفاتروں کی جانب سے عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ بھی جاری ہے، ملا کھڑا اسٹیڈیم میں ہونیوالے جلسہ عام کے سلسلے میں قومی شاہراہ سمیت جلسہ گاہ کو جانے والی تمام راستوں کو ایم کیو ایم کے ہزاروں کی تعداد میں پرچموں، تہنیتی بینرز اور قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر لگا کر سجایا گیا ہے جس کے باعث بھٹ شاہ کا علاقے میں پرچموں کی بہار چھائی ہوئی ہے جبکہ جلسہ گاہ کے راستوں پر ایم کیو ایم کی جانب سے استقبالیہ کیمپ بھی لگائے گئے ہیں جہاں ایم کیو ایم کی ترانوں کی ریکارڈنگ کا سلسلہ پورے زوروشور سے جاری ہے، بعض علاقوں میں کارکنان کی جانب سے موٹر سائیکلوں، کاروں اور دیگر گاڑیوں پر مشتمل بڑی چھوٹی ریلیاں بھی نکالی جارہی ہیں۔

## 25 دسمبر کو ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام کی تیاریاں حیدرآباد سمیت، ٹنڈو الہ یار، میر پور خاص، سانگھڑ، سکھر اور دیگر علاقوں میں زوروشور کیساتھ جاری

حیدرآباد۔۔۔22، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 25 دسمبر کو ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام کی تیاریاں سندھ بھر سمیت حیدرآباد، ٹنڈو الہ یار، میر پور خاص، سانگھڑ، سکھر، نواب شاہ، گھوٹکی اور دیگر علاقوں میں زوروشور کیساتھ جاری ہیں اور اس سلسلے میں کارکنان وعوام میں بے انتہا خوشی پائی جارہی ہے اور گہما گہمی کا ماحول دیکھنے میں آرہا ہے جبکہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، زونل انچارجز و اراکین، سیکٹر انچارجز و اراکین، یونٹ کمیٹیوں کے انچارجز و اراکین کمیٹی، حق پرست ارکان اسمبلی، وزراء مشیران گھر گھر جا کر عوام کو ایم کیو ایم کی جانب سے 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دے رہے ہیں اور ان سے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کی اپیل کررہے ہیں ساتھ ہی ساتھ جلسے عام کی تیاریوں کا جائزہ لینے میں مصروف عمل نظر آرہے ہیں۔ جلسے عام کے سلسلے میں سندھ بھر کے مختلف مقامات پر استقبالیہ کیمپ لگائے گئے ہیں جہاں پر ایم کیو ایم کے تنظیمی ترانے بجائے جارہے اور ان کی دھنوں پر کارکنان وعوام میں رقص کررہے ہیں۔ اہم گزرگاہوں، چوکوں اور گلیوں کو خوبصورت انداز میں برقی قمقموں اور تحریکی پرچموں سے سجائے جانے کا کام تیزی کیساتھ جاری ہے۔ جلسہ عام کے سلسلے میں مختلف علاقوں میں وال چاکنگ مکمل کی جاچکی ہے جبکہ جلسہ عام کے سلسلے میں سندھ بھر میں بینرز لگائے جارہے ہیں اور مختلف مقامات پر ہینڈ بل بھی تقسیم کئے جارہے ہیں۔ ایم کیو ایم کی جانب سے 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونیوالے جلسہ عام کو سندھ کے عوام کی جانب سے پیار محبت اور اخوت کا مظہر قرار دیا جارہا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ ایم کیو ایم واحد سیاسی جماعت ہے جو سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتوں کا خاتمہ کرکے ان میں پیار محبت باہمی اتحاد چاہتی ہے اور سندھ دھرتی پر شاہ عبداللطیف بھٹائی کے پیغام کو عملی طور پر فروغ دینے کیلئے کوشاں ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے نواب شاہ کا دورہ کیا اور جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ
## نواب شاہ کے مختلف علاقوں میں قائم استقبالیہ کیمپوں کا دورہ کر کے وہاں پر موجود عوام و کارکنان سے ملاقاتیں کیں

نوابشاہ۔۔۔22، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے گزشتہ روز نوابشاہ شہر کا دورہ کیا اور 25 دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونیوالے جلسہ عام کے سلسلے میں یہاں جاری تیاریوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین، میڈیکل و لیگل ایڈ کمیٹی کے اراکین، اے پی ایم ایس او سیکٹر کمیٹی کے اراکین، ڈسٹرکٹ الیکشن سیل، سابق حق پرست بلدیاتی نمائندگان، نواب شاہ زون کے زونل انچارج و اراکین کمیٹی اور یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔ وہ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیو ایم نواب شاہ زون کی جانب سے مختلف علاقوں میں قائم کئے گئے استقبالیہ کیمپوں پر گئے اور وہاں پر موجود عوام و کارکنان سے ملاقاتیں کیں اور انہیں جلسہ عام کی بھرپور انداز میں تیاریاں کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ کنور نوید جمیل نے کارکنان و ذمہ داران کو جلسے عام کے بنیادی اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا اور کہا کہ ایم کیو ایم سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان پیار محبت، بھائی چارے اور یکجہتی کو فروغ دینا چاہتی ہے اور سندھ کے عوام کو سندھ دشمن سازشی عناصر سے نجات دلانا چاہتی ہے اور وہ دن دور نہیں جب سندھ دشمن عناصر ٹولہ اپنی تمام تر سازشوں کے آگے خود ہی ہار بیٹھے گا۔ انہوں نے نواب شاہ کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے گھر گھر جا کر عوام کو ایم کیو ایم کی جانب سے 25 دسمبر ہفتہ کو ہونیوالے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی اور ان سے پرزور اپیل کی کہ وہ جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں اپنی شرکت یقینی بنا کر ثابت کر دیں کہ نوابشاہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا مضبوط قلعہ ہے۔ قبل ازیں انہوں نے نواب شاہ پریس کلب کا دورہ بھی کیا اور صحافیوں کو بھی جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔

## 25 دسمبر کو بھٹ شاہ کے جلسہ عام میں سندھ کے مستقل باشندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں
## سندھ دھرتی سے اپنے پیار، محبت اور اتحاد کا عظیم الشان مظاہرہ کریں گے، حق پرست سینیٹرز
## سندھ دھرتی کے مستقل باشندے جلسہ عام کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کر کے ثابت کر دیں کہ قائد تحریک الطاف حسین
## غریب و متوسط طبقے کے جس انقلاب کی بات کر رہے ہیں وہ قریب ہی ہے

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سینیٹرز نے کہا ہے کہ 25، دسمبر ہفتہ کو ایم کیو ایم کے تحت بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں سندھ کے مستقل باشندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں سندھ دھرتی سے اپنے پیار، محبت اور اتحاد کا عظیم الشان مظاہرہ کریں گے اور جلسہ عام میں سندھ دھرتی پر بسنے والی تمام قومیتوں کی بھرپور شرکت سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی تمام سازشوں کو ڈھا دے گی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی حق پرستانہ جدوجہد کے باعث ملک بھر کے عوام میں متحدہ قومی موومنٹ کی مقبولیت واضح دکھائی دے رہی ہے، ایم کیو ایم ملک بھر کی تمام قومیتوں کے درمیان اتحاد، بھائی چارے اور محبتوں کو فروغ دے رہی ہے اور ایک پاکستانی قوم کے تصور کو اجاگر کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی تمام قومیتوں میں جس پیار، محبت اور اخوت کا مظاہرہ چاہتی ہے اس کا اندازہ بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں لگایا جا سکتا ہے اور جلسہ عام میں سندھ دھرتی پر رہنے والے تمام قومیتوں کے مستقل باشندوں کی شرکت ثابت کر دے گی کہ ایم کیو ایم ہی وہ جماعت ہے جو تمام قومیتوں کے مظلوم عوام کو متحد کر کے ملک و قوم کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے بلکہ صوبہ سندھ، پنجاب، بلوچستان، خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے مظلوموں کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کر کے مذموم عزائم حاصل کرنے والے سازشی عناصر کو لگام دے سکتی ہے۔ حق پرست ارکان سینیٹرز نے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں سے اپیل کی کہ وہ 25، دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور فقید المثال کامیابی سے ہمکنار کر کے ثابت کر دیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں غریب و متوسط طبقے کے جس انقلاب کی بات کر رہے ہیں وہ قریب ہی ہے۔

## فاروق بیگ کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم کی علالت پر جناب الطاف حسین کا اظہار تشویش
## حق پرست عوام سے مکمل صحتیابی کیلئے اپیل

لندن۔۔۔22دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن فاروق بیگ کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ۔ جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام ماؤں ، بہنوں ، بزرگوں نوجوانوں اور کارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ زبیدہ بیگم کی مکمل صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ شدید علیل ہیں اور مقامی اسپتال میں زیر علاج ہے۔

## ایم کیو ایم ملک سے فرسودوہ، جاگیردارانہ، وڈیرانہ، نظام کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں، یوسف شاہوانی
## صوبہ بلوچستان کوئٹہ زون کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

کوئٹہ۔۔۔22،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ بلوچستان ایم کیوایم کوئٹہ زون اور زرغون ٹاؤن کمیٹی ، چلتن ٹاؤن کمیٹی سمیت یگل ایڈ کمیٹی ، خواتین ونگ کمیٹی ضلع نوشکی، واشک، پشین، گوادر، قلعہ عبداللہ، چمن، تربت کے انچارجز اور اراکین کے ناموں کا اعلان کر دیا۔ یہ اعلان ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی رکن یوسف شاہوانی نے ایم کیو ایم کوئٹہ زون کے صوبائی دفتر میں تنظیم نو کے سلسلے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عبدالخالق بلوچ، زاہد قریشی سمیت کارکنان اور خواتین کی کثیر تعداد موجود تھی۔ اجلاس سے رکن رابطہ کمیٹی یوسف شاہوانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ملک سے فرسودوہ، جاگیردارانہ، وڈیرانہ، نظام کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب ملک میں غریب متوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہوگی اور ملک بھر کے عوام حق پرستی کے پرچم تلے متحد و منظم ہو کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ اور فکر و فلسفہ کے فروغ کیلئے عملی جدوجہد کرینگے۔انہوں نے نومنتخب کمیٹیوں کے ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور ان پر زور دیا کہ وہ ایم کیو ایم کے پیغام حق پرستی کو ملک بھر میں عام کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں اور سچائی محنت و لگن دیانتداری کے ساتھ تحریکی ذمہ داریوں کو بھر پور طریقے سے انجام دیں۔ اجلاس سے ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی ارکان عبدالخالق بلوچ اور زاہد قریشی نے بھی خطاب کیا۔

## جہیز میں گاڑی نہ ملنے کی پاداش میں خاوند کی جانب سے اپنی بیوی کو فائرنگ کر کے بیدردی سے قتل کرنا جہیز کی لعنت کا شاخسانہ ہے، شعبہ خواتین
## جہیز کا مطالبہ کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کی جائے، افسوسناک واقعہ پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔22،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے لاہور میں تھانہ سٹی مرید کے کے علاقہ موضع داؤ کے میں جہیز میں گاڑی نہ ملنے کی پاداش میں خاوند کی جانب سے اپنی بیوی مقتولہ شمائلہ کو فائرنگ کر کے بیدردی سے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ مذکورہ افسوسناک واقعہ جہیز کی لعنت کا شاخسانہ ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جہیز ایک لعنت ہے اور ہمیں ایک مہذب معاشرے کا شہری ہونے کی حیثیت سے اس لعنت سے چھٹکارا حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ لڑکی کی شادی کے عیوض جہیز کا مطالبہ کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کی جائے تاکہ ملک بھر کی مظلوم لڑکیوں کو ان کے حقوق مل سکیں۔انہوں نے مقتولہ شمائلہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔شعبہ خواتین کی انچارج واراکین نے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ مرید کے کے علاقہ موضع داؤ کے میں جہیز میں گاڑی نہ ملنے کی پاداش میں خاوند کی جانب سے اپنی بیوی شمائلہ کو فائرنگ کر کے بیدردی سے قتل کرنے کا نوٹس لیا جائے اور ایسے جرائم کے مرتکب افراد کے خلاف ٹھوس اور عملی کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن کی والدہ، پاک کالونی سیکٹر کے کارکن کی ہمشیرہ اور نیو کراچی ٹاؤن کے کارکن کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔22، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن کلیم صدیقی کی والدہ محترمہ شاکرہ بیگم اور ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 186 کے کارکن طاہر کی ہمشیرہ محترمہ دعا بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے نیو کراچی ٹاؤن کے کارکن سکندر مسیح کی والدہ محترمہ زبیدہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر جمیل کی تلقین کی۔

☆☆☆☆☆